ایکٹ نمبر ۳ سنہ ۱۸۶۷ء

قانون قماربازی صادرہ ۲۵ جنوری سنہ ۱۸۶۷ عیسوی

ایکٹ حدود ممالک مغربی شمالی پریزیڈنسی فورٹ ولیم اور ملک پنجاب اور اودھ اور ممالک متوسطہ اور برٹش برہما مین مجمع عام قماربازی کے مکانات عام رکھنے کی سزا کے لیے شائع کیا گیا

معہ ایکٹ ۹ سنہ ۱۸۷۵ء

بترمیم قانون متعلقہ سن بلوغ جو کہ تمام ممالک محروسہ مین جاری ہے

مطبع انوار الاخبار لکھنؤ مین چھپا

ایکٹ نمبر ۳- بابت ١٨٦٧ع

باین مراد کہ ممالک مغربی و شمالی پریزیڈنسی فورٹ ولیم اور ملک پنجاب اور اودھ اور ممالک متوسطہ اور برٹش برہما مین مجمع عام قمار بازی کرنے اور قمار بازی کے مکانات عام رکھنے کی سزا کے لیے قواعد منضبط کیئے جائین مجاریہ جناب نواب گورنر جنرل بہادر بہ اجلاس کونسل ٢٥-جنوری ١٨٦٧ع-

ہرگاہ نواب لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی پریزیڈنسی فورٹ ولیم اور نواب لفٹنٹ گورنر پنجاب اور چیف کمشنر اودھ اور چیف کمشنر ممالک متوسطہ اور چیف کمشنر برٹش برہما کے ممالک تحت حکومت مین مجمع عام قمار بازی کرنے اور قمار بازی کے مکانات عام رکھنے کی سزا کے لیے قواعد منضبط کرنا قرین مصلحت ہے لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے-

دفعہ ١- ایکٹ ہذا مین لفظ لفٹنٹ گورنر سے لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی مذکور یا ملک پنجاب یعنی جیسی کہ صورت ہو مراد ہے لفظ چیف کمشنر یعنی چیف کمشنر اودھ یا ممالک متوسطہ یا برٹش برہما کی رکھتا ہے یعنی جیسی کہ صورت ہو قمار بازی کے مکان عام سے ہر مکان یا احاطہ یا دیوار یا کمرہ یا جگہہ مراد ہے جسمین تاش یا پانسہ یا تختہ یا

اور آلات قمار بازی واسطے منفعت یا فائدہ شخص مالک یا دخیل یا استعمال کرنے والے یا رکھنے والے مکان یا احاطہ یا کمرہ یا جگہہ کے رکھے ہوئے یا مستعمل ہوں عام اس سے کہ وہ منفعت یا فائدہ بطور معاوضہ استعمال آلات قمار بازی یا مکان یا احاطہ یا کمرہ یا جگہہ کے ہو یا کسی اور نہج پر۔

الفاظ صیغہ واحد حاوی معنی صیغہ جمع ہیں اور بالعکس اسکے۔

الفاظ معنی تذکیر حاوی معنے تانیث کے ہیں۔

دفعہ ۲۔ ایکٹ ہذا کے دفعات ۱۳ اور ۱۷ و ۱۸ کل ممالک مذکورہ بالا سے متعلق ہو گئے اور نواب لفٹنٹ گورنر یا چیف کمشنر کو یعنی جیسی کہ صورت ہو اختیار ہوگا کہ جب وہ مناسب جانیں از روی ایک اشتہار کے جو گزٹ سرکاری کے تین نمبر متواتر میں درج کیا جاے جملہ دفعات یا باقی دفعات ایکٹ ہذا میں سے کسی کو ممالک ماتحت اونکی گورنمنٹ یا چیف کمشنری کے کسی شہر اور قصبہ اور سواد شہر اور مکان اسٹیشن ریلوی اور کسی مقام سے جو واقعہ مابین فاصلہ تین میل کے کسی جزو مکان اسٹیشن مذکور سے متعلق کریں اور اشتہار مذکور میں واسطے اغراض ایکٹ ہذا کے حدود اوس شہر یا قصبہ یا سواد شہر یا مکان اسٹیشن کے مقرر کریں اور وقتاً فوقتاً اون حدود معینہ کو بدلتے رہیں ہر ایسی توسیع کی تاریخ سے وہ قاعدہ جو بموجب کسی قانون مجریہ اون ممالک کے ہو جنمیں توسیع مذکور متعلق کیجاوے جسقدر کہ خلاف یا منافی کسی ایسے دفعہ کے ہوگا جسکی توسیع اس نہج پر عمل میں آئے ممالک مذکور میں ساقط الاثر ہو جائیگا۔

دفعہ ۳۔ جو شخص مالک یا دخیل یا استعمال کرنے والا کسی مکان یا احاطہ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہہ واقع اون حدود کا جنسے یہہ ایکٹ متعلق ہو اوسکو قمار بازی کے مکان عام کے طور پر کھولے یا رکھے یا استعمال میں لاوے اور جو شخص مالک یا دخیل کسی مکان یا احاطہ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہہ مذکورہ بالا کا دیدہ و دانستہ یا عمداً کسی اور شخص کو

قماربازی کے مکان عام کے طور پر اوسکے کھولنے یا دخل کرنے یا رکھنے یا استعمال مین لانے دیوے اور جو شخص کسی ایسے مکان یا احاطہ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہہ مذکورہ بالا کے کاروبار مین جو بغرض مذکورہ الصدر کھولا گیا یا دخل مین لایا گیا یا رکھا گیا یا استعمال مین لایا گیا ہو خبرگیری یا اہتمام یا کسی طرح پر اوسکو اجرا مین مدد کرتا ہو اور جو شخص اون اشخاص کے ساتھہ قماربازی کے عوض ایسے جوا ایسے مکان یا احاطہ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہہ مین آیا کرتے ہون روپیہ دیوے یا بہم پہونچا دیوے وہ مستوجب جرمانہ کا جو دو سو روپیہ سے زیادہ نہو یا کسی قسم کی قید کا اقسام دوگانہ مصرحہ مجموعہ تعزیرات ہند سے واسطے کسی میعاد کے ہوگا جو تین مہینے سے زیادہ نہو —

دفعہ ۴ — جو شخص کسی ایسے مکان یا احاطہ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہہ مین تاش یا پانسہ یا گوٹ یعنی آلہ قماربازی یا سکہ یا اور آلہ بازی قمار سے جوا کھیلتے یا قماربازی کرتے ہوے پایا جاوے کہ وہان بغرض قماربازی موجود ہو عام اس سے کہ کسیقدر زر نقد یا شرط یا بازی پر یا اور طرح پر کھیلتا ہو وہ مستوجب جرمانہ کا جو سو روپیہ سے زیادہ نہو یا قید کے اقسام دوگانہ مصرحہ مجموعہ تعزیرات ہند مین سے کسی قسم کا ہوگا جسکی میعاد ایک مہینے سے زیادہ نہو اور جو شخص کسی مکان قماربازی عام مین ہو اثنا ے قماربازی یا جوا کھیلنے کے پایا جاوے وہ ایسا متصور ہوگا کہ وہان بغرض قماربازی کے موجود تھا تاوقتیکہ نقیض اسکا ثابت نہو —

دفعہ ۵ — اگر مجسٹریٹ ضلع یا اور عہدہ دار مفوض باختیارات کامل مجسٹریٹ یا ضلع کا سپرنٹنڈنٹ پولیس بر وقت اطلاع پانی معتبر اور ایسی تحقیقات کے جو اوسکو نزدیک ضروری ہو وجہ اس امر کے باور کرنیکی پاوے کہ کوئی مکان یا احاطہ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہہ بطور مکان قماربازی عام کے مستعمل ہے تو اوسکو

اختیار ہو کہ مع اوس قدر مدد کی جو ضروری تصور کیا جاوے رات یا دن مین بجبر اگر جبر کی ضرورت
ہووے ہر ایسے مکان یا احاطہ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہ مین خود داخل ہو یا بذریعہ اپنے وارنٹ کے
کسی عہدہ دار پولیس کو جو اوس رتبہ سے کمتر نہو جسے نواب لفٹننٹ گورنر بہادر یا چیف
کمشنر اوس کام کے لیے مقرر کرین داخل ہونے کی اجازت دے اور جائز ہو کہ تمام اشخاص کو
جنکو وہ یا عہدہ دار مذکور وہان پائے خود گرفتار کرے یا اوس عہدہ دار کو گرفتار کرنیکی اجازت
دے عام اس سے کہ وہ اوس وقت فی الواقع مصروف بقمار بازی ہون یا نہون اور تمام
آلات قمار بازی اور تمام زر نقد اور اشیاء کفالت زر نقد اور اشیاء مالیتی جنکی نسبت عقلاً
یہ اشتباہ ہوتا ہو کہ بغرض قمار بازی مستعمل ہوئے ہین یا استعمال کرنیکی نیت کی گئی ہے اور جو
وہان پائی جائین انکو خود گرفتار کرے یا عہدہ دار مذکور کو اجازت گرفتار کرنے کی دے اور جب
خود اوسکے یا عہدہ دار مذکور کے نزدیک وجہ باور کرنے اس امر کی ہو کہ کوئی آلات قمار بازی
مخفی کیے گئے ہین تو اوس مکان یا احاطہ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہ کی تمام حصونکو
جسمین وہ خود یا عہدہ دار مذکور داخل ہوا ہو اور نیز اون اشخاص کو جنکو خود اوسنے
یا عہدہ دار مذکور نے اس طرح پر گرفتار کیا ہو تلاشی کرکے تمام آلات قمار بازی جو اوس
تلاشی سے دستیاب ہون گرفتار کرے اور اپنے قبضے مین لاوے یا اوس عہدہ دار
کو اجازت اس امر کی دے۔

دفعہ ۶ — جب کوئے تاش یا پانسہ یا تختہ قمار بازی یا بساط یا
اور آلات قمار بازی کسی مکان یا احاطہ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہ مین جسکے اندر
حسب احکام دفعہ ما سبق متصلہ دخل کیا گیا ہو یا جسکی تلاشی کی گئی ہو یا
اون اشخاص مین سے جو وہان پائے جائین کسی کے پاس نکلین تو
جب تک کہ نقیض ظاہر نہ کیجاوے یہ بات شہادت اس امر کے ہوگی
کہ وہ مکان یا احاطہ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہ بطور مکان قمار بازی عام کے

مستعمل ہے اور جو اشخاص وہان پائے گئے وہ اوس جگہ پر بغرض قمار بازی موجود تھے
گو موقع مین کوئی کھیل مجسٹریٹ یا عہدہ دار پولیس یا اوسکے مددگارون مین سے کسی نے ہوتے نہ دیکھا ہو

دفعہ ۷ ۔ اگر کوئی شخص کسی مکان قمار بازی عام مین جہان کوئی مجسٹریٹ یا
عہدہ دار پولیس موجب احکام ایکٹ ہذا داخل ہوا اوس عہدہ دار کے ہاتھ سے گرفتار
ہونے یا کسی مجسٹریٹ کے روبرو لائے جانے پر اوسوقت جب کہ وہ عہدہ دار یا مجسٹریٹ
اوسکا نام و نشان پوچھے نام و نشان بتانے مین انکار یا غفلت کرے یا جھوٹا
نام و نشان بتاوے تو وہ بروقت ثبوت جرم روبرو اوسی یا کسی
اور مجسٹریٹ کے مستوجب ادای اسیقدر جرمانہ کا ہوگا جو چار روپیہ سے زیادہ نہو علاوہ
اسقدر خرچہ کے جو مجسٹریٹ موصوف مناسب تصور کرے اور درصورت نہ ادا ہونے
اوس جرمانہ اور خرچہ کے یا مرتبہ اول مین اگر اوس مجسٹریٹ کے دانست مین مناسب
معلوم ہو کسی میعاد تک جو ایک مہینے سے زاید نہو قید کیا جاویگا ۔

دفعہ ۸ ۔ جب کسی شخص پر جرم رکھنے یا استعمال مین لانے کسی ایسے مکان
قمار بازی عام کا یا اوس مین بغرض قمار بازی کے موجود ہونیکا ثابت ہو تو مجسٹریٹ مجوز مقدمہ حکم دے سکتا ہے کہ تمام آلات
قمار بازی جو وہان پائے جائین تلف کیے جائین اور اوسکو یہ حکم دینے کا بھی اختیار
ہے کہ اشیاء کفالت زرنقد اور دیگر اشیاء گرفتار شدہ جو از قسم آلات قمار بازی نہون
کلاً یا جزاً عوض زرنقد کے فروخت کیجائین اور اونکی قیمت مع تمام زر گرفتار شدہ کے
ضبط سرکار کیجاوے یا اپنی تجویز کے بموجب یہ حکم دے کہ کوئی جزو اوسکا اون اشخاص کو
جو مستحق اوسکے متصور ہون واپس کیا جاوے ۔

دفعہ ۹ ۔ واسطے اثبات جرم کسی شخص کے بابت رکھنے مکان قمار بازی عام یا بلاغرض
ہونیکے احتمام مین کسی ایسے مکان کے ثابت کرنا اس امر کا ضروری نہین ہے
کہ جو شخص کسی قسم کا جوا کھیلتا ہوا پایا گیا وہ واسطے اسیقدر زرنقد یا بازی یا شرط

سے کھیلتا تھا۔

دفعہ ۱۰ ۔ جس مجسٹریٹ کے روبرو کوئی ایسے اشخاص لائے جائیں جو کسی مکان یا احاطۂ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہ میں جسکے اندر بموجب احکام ایکٹ ہذا دخل کیا گیا ہو پائے گئے تھے اوسکو جائز ہوگا کہ اون اشخاص میں سے کسی کو یہ حکم دے کہ نسبت کسی ناجائز قماربازی کے جو اوس مکان یا احاطۂ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہ میں ہوتی تھی یا نسبت کسی فعل کے جو کسی مجسٹریٹ یا عہدہ دار مجاز حسب فقرۂ بالا کو اوس مکان یا احاطۂ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہ میں یا اوسکے کسی جزو میں جانے دینے کی امتناع یا مزاحمت یا تاخیر کے لیے وقوع میں آیا ہو بحلف یا باقرار صالح اظہار اور شہادت ادا کرے اور جس شخص کو کہ اس نہج پر اظہار دینے کا بطور گواہ کے حکم دیا گیا ہو وہ اس بنا پر کہ اوسکی گواہی خود اوسکے مجرم ہونے پر دال ہوگی اس بات سے بری نہ ہوگا کہ روبرو مجسٹریٹ مذکورۂ بالا کے لائے جانیکے وقت کسی کارروائی یا تجویز کی بابت جو ایسی قماربازی ناجائز یا ایسی فعل متذکرۂ بالا سے کسی طرح متعلق ہو بطور مذکور اوسکا اظہار نہ کیا جاوے یا کسی زمانۂ مابعد میں وہی مجسٹریٹ یا کوئی مجسٹریٹ یا کوئی عدالت اوسی نہج پر اوسکا اظہار نہ لے یا اوسکے روبرو نہ دیا جاوے یا نسبت امور مذکورۂ بالا جو سوال اوس سے کیا جاوے اوسکا جواب نہ دے اور ایسا ہر شخص جسکی نسبت بطور گواہ اوسی نہج سے اظہار دینے کا حکم ہوا ہو اگر حلف یا اقرار صالح کے ادا کرنے میں یا کسی سوال مذکورۂ بالا کے جواب دینے میں انکار کرے بہمہ نہج مستوجب اسکا ہوگا کہ اوسکی نسبت ویسا ہی عمل کیا جائے جیسا کہ نسبت کسی شخص مرتکب جرم مصرحۂ دفعہ ۱۷۸ یا دفعہ ۱۷۹ مجموعۂ تعزیرات ہند کے (یعنی جیسی کہ صورت ہو) عمل ہونا چاہیے۔

دفعہ ۱۱ ۔ جو شخص خلاف احکام ایکٹ ہذا قماربازی میں تعلق رکھتا ہو اور اوسکا اظہار بطور گواہ روبرو کسی مجسٹریٹ کے بروقت تجویز کسی شخص کے جو بعلت خلاف ورزی

کسی علم بموجب احکام ایکٹ ہذا متعلقہ قماربازی کے عمل مین آئی ہو لیا جاوے اور وہ اوس اظہار پر مجسٹریٹ کی راے مین راست راست اور حسب اطمینان اون تمام امورات کا کہ جنکی نسبت اظہار لیا گیا ہو بجہ نہایت اپنے علم کے اوسکا ابتدا ہی حال کرے تو اوسکو مجسٹریٹ مذکور سارٹیفکٹ تحریری اوسی مضمون کا عطا کریگا اور اوس زمانہ سے پہلے نسبت قماربازی مذکور جو فعل اوس سے سرزد ہوا ہو اوسکی بابت جملہ مواخذہ ہاے ایکٹ ہذا سے وہ شخص منظر معاف کیا جائیگا۔

دفعہ ۱۲ — کوئی عبارت احکام ماسبق مندرجہ ایکٹ ہذا کی کسی بازی سے کہ محض حکمتاً کسی جگہہ پر کیجاوے متعلق نہوگی۔

دفعہ ۱۳ — عہدہ دار پولیس کو اختیار ہے کہ جو شخص از قسم نقد یا کسی اور شے مالیتی پر تاش یا پانسہ یا کوڑیا اور آلات قماربازی جنکا استعمال کسی ایسی قماربازی مین ہوتا ہو کہ بازی محض حکمت کی نہین ہے کسی شارع یا مقام یا گذرگاہ عام واقع حدود شہر یا قصبہ کے اندر قماربازی کرتا ہوا پایا جاوے یا جو شخص کسی شارع یا مقام یا گذرگاہ عام واقع حدود مذکورۃ الصدر مین کسی پرندہ یا حیوانات کو لڑانے کے لیے موجود کرے یا جو شخص وہان موجود ہوکر پرندہ اور حیوانات کی لڑائی مین مجمع عام مذ : و معاون ہووے اوسے بلا وارنٹ گرفتار کرے شخص مذکور بعد گرفتاری بلا توقف روبرو مجسٹریٹ کے لایا جائیگا اور اوسپر جرمانہ کا جو ۵۰ سے زیادہ نہو یا قید محض یا قید سخت کا اوس میعاد تک ہوگا جو ایک مہینے کلمندرہ سے تجاوز نکرے اور اوس اہلکار پولیس کو اختیار ہے کہ تمام آلات قماربازی جو اوس جگہہ مجمع عام مین یا اشخاص گرفتار شدہ کے پاس پائے جائین گرفتار کرے اور صاحب مجسٹریٹ کو جائز ہے کہ بوقت ثبوت جرم مجرم اون آلات کے فوراً تلف کردینے کا حکم دے۔

دفعہ ۱۴ — تجویز ان جرائم کے جو قابل سزا کے حسب ایکٹ ہذا ہون صاحب مجسٹریٹ کرینگا

جیسے اختیار مجسٹریٹی اوس مقام مین جہان کہ وہ جرم سرزد ہوا ہو حاصل ہو لیکن مجسٹریٹ مذکور نسبت تعداد جرمانہ یا میعاد قید کے جسکا کہ وہ حکم دے پابند حدود اپنے اختیار کا بموجب مجموعہ ضابطہ فوجداری کے رہیگا —

دفعہ ۱۵ — جو شخص جرم قابل سزای محکومہ دفعہ ۳ - یا دفعہ ۴ - ایکٹ ہذا کا مجرم ثابت ہو کر مرتبہ ثانی مجرم کسی جرم قابل سزاے محکومہ کسی دفعہ کا اون دونون دفعات مین سے ہو وہ واسطے ہر ایسے جرم مابعد کے مستوجب دو چند اوس سزا کا ہوگا جو اوسی قسم کے کسی جرم کے ارتکاب اول کے لیے عائد ہوتی مگر شرط یہ ہے کہ وہ کسی حال مین چھ سو روپیہ سے زیادہ جرمانہ یا ایک برس سے زیادہ میعاد کی قید کا سزاوار نہوگا —

دفعہ ۱۶ — مجسٹریٹ مجوز مقدمہ کو اختیار ہے کہ منجملہ اوس جرمانے کے جو حسب دفعات ۳ و ۴ ایکٹ ہذا کے وصول ہوا ہو منجملہ اوس نقد یا قیمت اون اشیا کے جنکی گرفتاری کے بعد حسب ایکٹ ہذا ضبطی کا حکم ہوا ہو کسیقدر مخبر کو دے جانے کا حکم صادر کرے —

دفعہ ۱۷ — تمام جرمانے کہ حسب ایکٹ ہذا عائد کیے گئے ہون بقاعدہ ضمیمہ دفعہ ۱۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے وصول کیے جا سکتے ہین اور وہ جرمانے (لقیہ کا مندرجہ دفعہ ملحقہ بالا) اوس طور پر صرف کیے جاینگے جو نواب لفٹنٹ گورنر یا چیف کمشنر یعنی جیسی کہ صورت ہو وقتاً فوقتاً ہدایت کرین —

دفعہ ۱۸ — بموجب ایکٹ نمبر ۱۰ سنہ ۱۸۹۱ء کے منسوخ ہوئی —